بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

محدث

دہلی

جلد ۱ | ماہ ذی الحجہ سنہ ۱۳۵۲ھ مطابق ماہ اپریل سنہ ۱۹۳۴ء | نمبر ۱۲

کتب خانہ جامعہ ملیہ
دہلی

اختتام سال

دنیا میں آئے دن ہزاروں کام شروع ہوتے ہیں مگر کون جانتا ہے کہ کس کی انتہا کہاں تک اور کس طرح ہوگی، زمانہ اپنی قدیم رفتار پہ ہے اور رہیگا، دنیا کے تمام کاروبار رفتار زمانہ کے ساتھ ساتھ مختلف تغیرات سے چلتے رہتے ہیں، بچہ جوان ہوتا ہے جوان بوڑھا ہوتا ہے، پھر اس اثنا میں اسے مختلف بادِ حوادث کے جھونکوں سے مقابلہ کرنا پڑتا ہے۔ رسالہ محدث عالیجناب شیخ عطاؔ الرحمٰن صاحب کی ہمت تبلیغ سے مئی ۱۹۳۳ء مطابق محرم ۱۳۵۲ھ میں جاری ہوا تھا، اور آج اشاعت حاضرہ پر اس کا بارھواں نمبر یعنی اس کی عمر کا پورا ایک سال بفضل خدا بخیر و خوبی ختم ہوتا ہے، اِس ایک سال کی مدت یا بارہ اشاعتوں میں "محدث" نے جو کچھ اسلام اور مسلمانوں کی مذہبی خدمتیں تبلیغی حیثیت سے انجام دی ہیں، وہ ناظرین کے سامنے ہیں ہمارا خیال ہے کہ خالص مذہبی مضامین کا دلنواز مجموعہ اپنی پابندی اوقات کے ساتھ بالکل مفت محدث سے پیشتر ملک میں شاید ہی کبھی شائع ہوا ہو، بہر حال ہم ناظرین کو محدث کے بخیریت اختتام سال پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، نیز درخواست کرتے ہیں کہ تمام حضرات محدث کی درازیٔ عمر اور شیخ صاحب موصوف کیلئے تہ دل سے دعائے خیر کرتے رہیں اور امید ہے کہ اسی ذیل میں ہم کارکنانِ محدث کو بھی اپنی دعاؤں کے شمول میں فراموش نہ کرینگے۔

ختم خریداری

جو حضرات محدث کے پہلے نمبر سے خریدار ہیں یعنی جن کے پاس مئی یا محرم سے ابتک رسالہ حاضر ہوتا رہا ہے ان کے ٹکٹوں کی میعاد اس پرچہ پر ختم ہے، اگر وہ آئندہ بھی محدث مفت پڑھنا چاہتے ہیں تو پھر سال بھر کیلئے از سرِ نو ہر کے ٹکٹ پیسہ والے ارسال کریں۔ اس ماہ میں جن لوگوں کی خریداری ختم ہے اگر ان کے ٹکٹ دفتر میں نہیں پہونچیں گے تو آئندہ سے ان کے نام رسالہ نہیں بھیجا جائیگا۔ آئندہ کیلئے بھی ہم ابھی عرض کئے

دیتے ہیں کہ جس ماہ میں جن حضرات کا خریداری نمبر ختم ہو وہ اپنی یادداشت کے مطابق آئندہ کے اجراء کیلئے اپنے ٹکٹ روانہ کرتے رہیں۔ جو حضرات ریاستوں کے باشندے ہیں وہ ریاست کے مطبوعہ ٹکٹ ہرگز نہ بھیجیں بلکہ برٹش انڈیا کے صاف اور پیسہ والے ٹکٹ روانہ کریں۔ اور اگر برطانوی ٹکٹ نہ مل سکیں تو بذریعہ منی آرڈر پیسہ ہی بھیجدیں۔

امر دیگر یہ ہے کہ بہت سے خریداروں میں بعض حضرات پرانے پرچے مانگتے ہیں، ہم پہلے بھی عرض کر چکے ہیں اور اب پھر تمام حضرات کی اطلاع کیلئے گذارش ہے کہ قدیم پرچے دفتر میں بالکل نہیں بچتے جتنے رسالے چھپتے ہیں وہ سب درخواست کنندگان کو بھیج دئے جاتے ہیں۔

الحزب المقبول احادیث شریف سے صحیح دعاؤں کا مجموعہ اب چھپکر بالکل تیار ہوگیا ہے جو شیخ عطاء الرحمن صاحب مدظلہ العالی کی طرف سے مسلمانوں میں مفت تقسیم کیا جائیگا۔ افسوس ہے کہ محدث کی کسی گذشتہ اشاعت میں کتاب کی طباعت کے قبل غلط اندازہ سے صرف ۲ کے ٹکٹ محصولڈاک کیلئے بھیجنے کا اعلان کردیا گیا اب جو کتاب چھپکر آئی تو ضخامت ۱۵۶ صفحات اور تیرہ تولے وزن کی نکلی جس پر ڈاکخانہ کی جانچ سے معلوم ہوا کہ فی نسخہ چھ پیسے کے ٹکٹ لگیں گے۔ لہذا ناظرین کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اب جو صاحب الحزب المقبول منگائیں وہ بنام جناب شیخ عطاء الرحمن صاحب مہتمم دار الحدیث رحمانیہ دہلی چھ پیسے کے ٹکٹ بھیجیں اور یہ بھی واضح رہے کہ ایک آدمی کو صرف ایک ہی جلد بھیجی جائیگی کیونکہ درخواستیں کثرت سے آرہی ہیں۔

دار الحدیث رحمانیہ سالانہ تعطیل کے بعد ۱۸ رشوال سے کھل گیا ہے۔ تمام مدرسین و طلبا آگئے ہیں۔ تعلیم حسب دستور اپنی ہماہمی میں ہو رہی ہے راقم الحروف کو بعض مجبوریوں کی وجہ سے کافی تاخیر ہوئی تاہم ۵ رمارچ کو وطن مالوف سے دہلی پہونچکر اپنے فرائض میں مصروف ہوگیا ہے۔

عبد العلیم ناظم دربھنگوی "مولوی فاضل"

قطعہ

در منقبت حضرت اسمٰعیل علیہ السلام

ہے ابھی مشہور دنیا میں مسلمانی تری + ضوفگن ہے مہر ساں تنویر ایمانی تری

یاد ہے وہ جانچ میں پورا اترنا بھی ترا + کیوں نہ ہو اسلام میں مسنون قربانی تری

(ناظم صدیقی)